زیب و زینت ۳-عورت اور عباداتِ اسلام ۴-عورت کی ازدواجی و خانگی زندگی ۵-عورت کا دائرہ عمل اور دورِ جدید کے مسائل ۶-عورت کے بارے میں چند شبہات اور ان کا ازالہ ۷- خاتونِ اسلام اور اخلاقِ فاضلہ ۸- اسوۂ صحابیات۔ کتاب میں مغربی عورت کا حقیقی دنیا میں ایک مسلمان عورت سے موازنہ کیا گیا ہے۔(محمد الیاس انصاری)

ربٰو، زکوٰۃ اور ٹیکس، مولانا ابوالجلال ندوی، مرتبہ: یحییٰ بن زکریا صدیقی۔ ناشر: سویدا مطبوعات، ایس ون/۲/۲۷، سعودآباد، کراچی۔ ملنے کے پتے: ۱- فضلی بک، سپرمارکیٹ، اُردو بازار، کراچی۔ ۲- کتاب سرائے، الحمد مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۹۸۔ قیمت: ۱۲۵ روپے۔

جب ادارہ تحقیقاتِ اسلامی میں ڈاکٹر فضل الرحمٰن کو ڈائرکٹر بنایا گیا تو انھوں نے اپنی متجددانہ فکر کے تحت تجارتی سود کے حرام نہ ہونے کا اعلان کیا اور علما کو اس حوالے سے چیلنج کیا۔ مولانا ابوالجلال ندوی معروف و جید عالمِ دین تھے اور جدید و قدیم علوم پر گہری نظر رکھتے تھے۔ انھوں نے اس چیلنج کے جواب میں جو مضامین لکھے وہ اس کتاب میں شامل کیے گئے ہیں۔

کتاب کا پہلا حصہ سات مضامین پر مشتمل ہے، اس میں ربٰو اور ربیہ، لفظ ربا اور ربٰو کی تحقیق اور اس کے معانی و مفاہیم بیان کیے گئے ہیں۔ قرآن و حدیث کی روایات، ان کے تاریخی و تدریجی نزول پر تحقیق کا خلاصہ بیان کیا گیا ہے۔ دوسرا حصہ 'غیر مسلم کی رائے اور اسلام' کے عنوان پر مشتمل ہے۔ یہ مغربی فکر کی روشنی (روشن خیالی) میں دین کی من مانی تشریح کرنے والے تجدد پسندوں کے خیالات اور ان کے محاکے پر مشتمل ہے۔ تیسرے حصے کا عنوان: 'زکوٰۃ کیا، ٹیکس کیا؟' ہے۔ ڈاکٹر فضل الرحمٰن نے اپنے ایک مضمون میں زکوٰۃ کو ٹیکس اور ٹیکس کو زکوٰۃ قرار دیا اور کہا کہ قرآن وسنت زکوٰۃ کو عبادت نہیں کہتا بلکہ فقہا نے اسے عبادت کہا ہے۔ اس حصے میں اس کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اسلام کے معاشی پروگرام میں میراث کا بھی اہم کردار ہے، لہٰذا آخر میں 'آئینِ میراث' کے عنوان سے ایک ضمیمہ شامل کیا گیا ہے جو چھے مضامین پر مشتمل ہے۔ 'فرہنگ اصطلاحات و مشکل الفاظ' بہتر تفہیم اور جامعیت کا باعث ہے۔

زیرنظر کتاب اسلام کے معاشی تصورات کے ساتھ ساتھ پاکستان میں اسلام پسند اور